مؤلف نے انگریزی زبان میں موجودہ دور کے ذہنی تقاضوں کو سامنے رکھ کر اسلامی نقطۂ نظر سے عبادت کی حقیقت کو واضح کرنے کی کوشش کی ہے اور ثابت یہ کرنا چاہا ہے کہ خدائے واحد سے عبادت کا رشتہ استوار کیے بغیر صحیح انسانی ارتقاء ممکن نہیں ہے۔ اندازِ بیان اور طرزِ استدلال میں نیا رنگ شامل ہے اور تحریر کے پس منظر میں اچھے جذبات کارفرما ہیں۔ ہلکا سا ذوقِ تصوف بھی اثر انداز ہوا ہے اس موضوع کے بعض خطرناک مراحل کا خاص طور پر جائزہ لینے پر یہ اطمینان ہوا کہ مؤلف خوب بچ کر نکلے ہیں۔ حیرت ہے کہ مؤلف نے ایک طرف تو خدا کے حضور پوری کائنات کے عبادت گزار ہونے کا وسیع تصور قرآن سے اخذ کیا لیکن دوسری طرف دنیائے انسانیت کے لیے وہ عبادت کا انفرادی نظریہ لے کر بیٹھ گئے۔ چنانچہ کتاب اس سے بحث نہیں کرتی کہ اجتماعی و تمدنی زندگی اور ایک اسٹیٹ اور ایک سوسائٹی کی تشکیل میں عبادت کے اثرات کیا ہیں۔ تاہم کتاب پڑھی جانے کے قابل ہے۔

اسبابِ تقسیمِ ہند | از جناب وصی احمد صاحب۔ ملنے کا پتہ: ۲۰۔ نظام منزل ۱ے، ایم، ٹی، کراچی
قیمت: مجلد تین روپے آٹھ آنے۔

یہ مسلمانانِ ہند کی سیاسی حرکت کی، اور بالخصوص تحریکِ پاکستان کی تاریخ ہے۔ اس موضوع پر جب تک کوئی اعلیٰ پایہ کی کتاب میدان میں نہ آجائے، وصی احمد صاحب کی اس کوشش کو غنیمت سمجھنا چاہیے۔

تشریح الافکار | از جناب سیفی صاحب۔ ملنے کا پتہ: ایم عبدالحمید اینڈ کمپنی۔ اردو بازار۔ لاہور۔ قیمت مجلد تین روپے۔

اس کتاب کی نوعیت کے سمجھنے میں خاصی کاوش سے کام لینا پڑا ہے۔ پوری کتاب دیکھ جانے سے بالآخر یہ اندازہ ہوا کہ مؤلف نے تاریخ انسانیت کو سامنے رکھ کر اس میں اسلام ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کا مقام واضح کرنا چاہا ہے۔ یوں کہیے کہ مذہب و الحاد کی کشمکش پر ایک تبصرہ ہے۔ اس سلسلے میں کتاب کا دوسرا باب جو فکرِ براہیمی کے عنوان سے ہے خاصی اہمیت رکھتا ہے۔ اس کے ساتھ اگر چھٹے باب کو شامل کر لیا جائے جو دعوتِ محمدی پر مشتمل ہے تو مؤلف کا تصورِ اسلام سامنے آجاتا ہے۔ مگر بایں ہمہ کچھ پلے نہیں پڑتا۔ اس کی وجہ معلوم کرنے کے لیے بھی بہت سوچنا پڑا۔ سوچنا کیا پڑا، کتاب اور صاحب کتاب کا تجزیۂ نفس کرنا پڑا۔ درحقیقت وہ ایسے اسباب